پریس ریلیز

اسلام آباد:10 اکتوبر، 2017: "زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کی موجودہ انتظامیہ بینک کو کمرشل بنیادوں پر استوار کرنے کیلئے مسلسل سرگرم عمل ہے اور اپنے صارفین کو بہترین سہولیات مہیا کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔"یہ بات بینک کے صدر سید طلعت محمود نے DHA فیز۔V لاہور زون میں ZTBL کی نئی برانچ کے افتتاح کے موقع پر کہی۔اس موقع پر بینک کے چیف آپریٹنگ آفیسر میاں عامر حسین، دیگر کمرشل بینکوں کے نمائندگان اور بینک کے اکاؤنٹ ہولڈرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

بینک کے صدر نے مزید کہا کہ' بلاشبہ DHA ایک بڑا تجارتی علاقہ ہے اور اسی باعث ZTBL نے اپنی برانچ یہاں قائم کی ہے تا کہ صارفین علاقہ دور جانے کی بجائے اپنی قریب ترین برانچ سے مستفید ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ بینک حج درخواستوں اور یوٹیلٹی بلوں کی وصولی کے ساتھ ساتھ ویسٹرن یونین کے تعاون سے بیرون ملک سے رقوم کی ترسیلات کی سہولیات بھی فراہم کر رہا ہے اور یہ موجودہ انتظامیہ کی اعلی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ZTBL نے بہت ہی مختصر عرصہ میں JCR-VIS کی طرف سے AAA/A-1+ ریٹنگ حاصل کرلی ہے۔'

سید طلعت محمود نے آخر میں بینک انتظامیہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا' کہ بینک تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور بینک پر لوگوں کا اعتماد بھی بڑھتا جا رہا ہے اور یقین دلایا کہ انشاءاللہ اسی لگن اور جانفشانی سے بینک اپنے صارفین کی خدمت کرتا رہے گا۔'

(سعد ضیاء)
انچارج پبلک ریلیشنز اینڈ میڈیا سروسز